**01.04.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... ماجدعلی

**Music**

---

☆ آسام میں اسمبلی انتخابات کی چناؤ مہم میں تیزی آگئی ہے۔ وزیرِاعظم اور BJP کے سرکردہ لیڈر نریندر مودی نے Gogamukh میں ایک ریلی سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ غریبوں اور متوسط طبقے کی بہبود پارٹی کی اوّلین ترجیح رہی ہے۔

☆ مالی سال 2026 میں مارچ کے مہینے میں سامان اور خدمات ٹیکس GST کی وصولیابی میں آٹھ اعشاریہ آٹھ فیصد کا اضافہ ہوا اور یہ دو لاکھ کروڑ روپے سے تجاوز کرگئی۔

☆ انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ نے جبراً روپیہ وصول کرنے سے متعلق منی لانڈرنگ کیس میں کولکاتا میں دو مقامات پر چھاپے مارنے کی کارروائی انجام دی ہے۔

☆ مغربی ایشیا جنگ کے تناظر میں میٹرو پالیٹن شہروں میں کمرشیل LPG گیس سلنڈر کی قیمت میں 195 روپے 50 پیسے کا اضافہ کیا گیا ہے۔

☆ انسانی حقوق کے علمبردار سرگرم کارکنوں نے اقوامِ متحدہ میں بلوچستان میں انسانی حقوق کی پامالیوں کا معاملہ اٹھایا ہے اور عالمی برادری پر زور دیا ہے کہ وہ پاکستان کو جوابدہ ٹھہرائے۔

☆ اور ، IPL کرکٹ میں آج شام لکھنؤ کے اِکانا کرکٹ اسٹیڈیم میں لکھنؤ سپر جائنٹس کا مقابلہ ڈیلی کیپٹلس سے ہوگا۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**PM-ELECTION RALLY ASSAM**

وزیرِاعظم اور BJP کے سرکردہ لیڈر نریندر مودی نے کہا ہے کہ غریبوں اور متوسط طبقے کے لوگوں کی بہبود اُن کی

پارٹی کیلئے اوّلین ترجیح رہی ہے۔ آسام میں Gogamukh میں ایک انتخابی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہاکہ BJP نے جامع ترقی کی خاطر بنیادی ڈھانچے، تعلیم اور حفظانِ صحت پر لگاتار توجہ مرکوز کی ہے۔

**Byte 1400 PM Assam Development**

جناب مودی نے کہاکہ آسام میں NDA کے دورِحکومت کے گزشتہ دس سال میں ریاست میں نمایاں ترقی ہوئی ہے۔ اُنہوں نے کہاکہ ڈبل انجن سرکار سے ریاست میں دیرپا امن قائم کرنے میں مدد ملی ہے اور کئی نوجوان تشدد ترک کرکے زیادہ محفوظ مستقبل کی جانب بڑھ رہے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ آسام دنیا بھر میں اپنی چائے کیلئے جانا جاتا ہے اور یہ کہ موری گاؤں میں قائم ہونے والے سیمی کنڈکٹر پلانٹ سے ریاست کو سیمی کنڈکٹر Chips کے معاملے میں بھی جلد ہی ایک پہچان مل جائے گی۔ اِس سے قبل وزیراعظم نے ڈبروگڑھ میں چائے باغات کے کارکنوں کے ساتھ گفتگو کی۔×

**GST COLLECTION**

اِس سال مارچ کے مہینے میں سامان اور خدمات ٹیکس GST کی مجموعی وصولیابی میں گزشتہ سال کے اِسی مہینے کے مقابلے آٹھ اعشاریہ آٹھ فیصد کا اضافہ ہوا اور یہ دو لاکھ کروڑ روپے سے زیادہ ہوگئی۔ پچھلے سال مارچ میں GST کا مجموعی مالیہ ایک لاکھ 83 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کا تھا۔ وزارتِ خزانہ کے مطابق اِس سال مارچ میں مرکزی GST کی وصولیابی 40 ہزار 549 کروڑ روپے اور ریاستی GST کی وصولیابی 53 ہزار 268 کروڑ روپے رہی۔ اِدھر مربوط GST کی وصولیابی ایک لاکھ کروڑ روپے سے زیادہ کی رہی۔×

**RAJYA SABHA KIREN RIJIJU**

پارلیمانی امور کے مرکزی وزیر کرن رجیجو نے اپوزیشن کے اِس الزام کو مسترد کردیا ہے کہ سرکار مغربی ایشیا بحران کے تناظر میں ایندھن اور ضروری اشیاء کی بڑھتی ہوئی قیمتوں پر بحث کرانے سے بچ رہی ہے۔ اُنہوں نے زور دے کر کہا کہ پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں اِس معاملے پر پہلے ہی تفصیلی بحث مباحثہ ہوچکا ہے۔

پارلیمنٹ کے ایوانِ بالا میں LPG بحران پر مختصر بحث کرانے کے اپوزیشن کے لیڈر ملکا ارجن کھڑگے کے مطالبے پر جناب کرن رجیجو نے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی نے مالی بل پر بحث کے دوران دونوں ایوانوں میں جامع انداز سے اظہارِخیال کیا تھا اور وزیرخزانہ نے بھی LPG، پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں کے تعلق سے تشویش پر تفصیلی جواب دیا۔ وزیر موصوف نے کہاکہ اپوزیشن کے لیڈر کا دعویٰ درست نہیں ہے۔ اُنہوں نے زور دے کر کہا کہ سرکار نے بحث کرانے سے کبھی گریز نہیں کیا۔×

**LS-RAILWAYS**

ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ ریلوے کیلئے ریکارڈ بجٹ مختص کیا گیا ہے، جس سے ملک کے ہر شہری، خاص طور پر غریبوں اور متوسط طبقے کے لوگوں کو فائدہ ہورہا ہے۔ آج لوک سبھا میں سوالوں کے وقفے کے دوران ضمنی سوالوں کا جواب دیتے ہوئے جناب ویشنو نے کہاکہ گزشتہ دہائی کے دوران ریلوے کے شعبے میں نمایاں سرمایہ کاری کی گئی ہے اور اِس سے ملک کے ہر شہری کو سیدھے فائدہ پہنچا ہے۔

وزیرموصوف نے بتایا کہ گزشتہ مالی سال کے دوران ریلوے نے 76 ہزار 352 خصوصی ریل گاڑیاں چلائیں۔ اُنہوں نے اِس بات کو اُجاگر کیا کہ آج ریلوے نیٹ ورک پر روزانہ تقریباً 25 ہزار ٹرینیں چل رہی ہیں۔

**Byte: Ashwini Vaishnaw**

**VP-BOOK RELESE SUDHA MURTY**

نائب صدر جمہوریہ سی-پی-رادھاکرشنن نے کہا ہے کہ سمودھان سدن میں دیوار پر بنائی گئی 58 نقاشی محض فنِ تعمیر کا حصہ نہیں، بلکہ یہ بھارت کے تہذیبی سفر کی داستان بیان کرتی ہیں۔ جناب رادھاکرشنن آج نئی دِلی میں راجیہ سبھا کی ممبر پارلیمنٹ سدھا مورتی کی تحریر کردہ کتاب Tides of Time کی رسمِ اجراء کے موقع پر اظہارِ خیال کررہے تھے۔ نائب صدر نے کہا کہ جمہوریت کو اکثروبیشتر ایک ایسے جدید طرز کے نظام کے طور پر دیکھا جاتا ہے، جو مغرب سے آیا ہے، لیکن بھارت کے قدیم گرنتھوں میں واضح طور پر اِس بات کا ثبوت موجود ہے کہ جمہوریت کا نظریہ ملک کیلئے کوئی نیا نہیں ہے۔

**S/B: Radha krishnan**

**KAMALJEET SEHRAWAT FCRA**

BJP کی ممبر پارلیمنٹ کمل جیت سہراوت نے کہا ہے کہ غیرملکی عطیات سے متعلق انضباطی ایکٹ میں ترمیم کا مقصد اور زیادہ شفافیت لانا ہے۔ پارلیمنٹ کے باہر نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے اُنہوں نے کہا کہ سال 2010 میں مذکورہ ایکٹ منظور ہونے کے بعد سے اِس میں دو ترامیم کی گئی ہیں۔ محترمہ سہراوت نے کہا کہ ملک میں کام کرنے والی غیرسرکاری تنظیموں NGO کو ملنے والے غیرملکی فنڈ کے بارے میں تشویش کا اظہار کیا گیا تھا۔ اُنہوں نے کہاکہ ملک میں کسی بھی NGO پر کوئی پابندی نہیں ہے، لیکن ساتھ ہی اُنہوں نے زور دے کر یہ بھی کہا کہ فنڈنگ کی مناسب نگرانی ہونی چاہئے۔ محترمہ کمل جیت سہراوت نے کہا کہ نئے بل میں اِس طرح کی فنڈنگ کے ضابطوں کے تعلق سے وضاحت کی گئی ہے۔×

**S/B: Kamaljeet Sehrawat**

**KOLKATA ED RAIDS**

انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ ED کالے دھن کو جائز شکل دینے کی روک تھام کے سلسلے میں کولکاتا میں دو مقامات پر تلاشی کی کارروائی کررہی ہے۔ اِدھر سائبر فراڈ کے سلسلے میں کل کولکاتا سے گرفتار کئے گئے صنعتکار Paban Ruia کو آج عدالت میں پیش کیا جارہا ہے۔ اِس سے پہلے پولیس نے 315 کروڑ روپے مالیت کے سائبر فراڈ کے سلسلے میں Paban Ruia اور راگھو کے خلاف دو کیس درج کئے تھے۔ اِن دونوں نے اپنی ممکنہ گرفتاری کے خلاف کلکتہ ہائی کورٹ میں اپیل دائر کی تھی، لیکن عدالت نے اُن کی درخواست خارج کردی۔×

**RS-DRUG REHABILITATION CENTRE**

سماجی انصاف اور بااختیار بنانے کے محکمے کے وزیر ڈاکٹر ویریندر کمار نے کہا ہے کہ سرکار ملک کے سبھی ضلعوں میں نشہ مکتی کیندر یعنی منشیات کی لت چھڑانے کے بعد بازآبادکاری مراکز قائم کرے گی، جس میں متاثرہ افراد کی بازآبادکاری اور علاج پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔ آج لوک سبھا میں سوالوں کے وقفے کے دوران ضمنی سوالوں کا جواب دیتے ہوئے ڈاکٹر کمار نے کہاکہ منشیات کی لت ایک سنگین سماجی لعنت ہے، جس سے کنبے کمزور ہورہے ہیں اور معاشرے کے تانے بانے میں خلل پڑرہا ہے۔×

**PREZ-ODISHA DAY**

اوڈیشہ آج اپنا 91 واں یومِ تاسیس منارہا ہے۔ یہ دن اُتکل دِوَس کے طور پر منایا جاتا ہے۔ بھارتی تاریخ میں اوڈیشہ کو خصوصی مقام حاصل ہے، کیونکہ زبان کی بنیاد پر قائم ہونے والی یہ پہلی ریاست تھی، جس سے اُڑیہ بولنے والے لوگوں کو ایک پہچان ملی۔ صدرجمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر سی-پی-رادھاکرشنن اور وزیر اعظم نریندر مودی نے آج اوڈیشہ کے قیام کی سالگرہ کے موقع پر ریاست کے لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔×

**PM-HM SIVAKUMARA SWAMIGALU**

وزیراعظم نریندر مودی اور وزیر داخلہ امت شاہ نے آج ڈاکٹر شیوا کمار Swamigalu کو، اُن کے یوم پیدائش پر خراج عقیدت پیش کیا۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر جناب مودی نے کہا کہ ڈاکٹر شیوا کمار Swamigalu کو انسانیت کی غیر متزلزل خدمت اور رحمدلی کیلئے یاد کیا جاتا ہے۔ وزیراعظم نے مزید کہا کہ لوگوں کی زندگی کو اوپر اُٹھانے میں اپنی زندگی وقف کرنے کے ذریعہ ڈاکٹر شیوا کمار Swamigalu نے اس بات کو ثابت کیا کہ حقیقی عظمت لوگوں کی خدمت کرنے میں ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ تعلیم، سماجی فلاح وبہبود اور روحانیت جیسے شعبوں میں ڈاکٹر شیوا کمار Swamigalu کے غیر معمولی

تعاون نے سماج پر ایک اَنمٹ چھاپ چھوڑی۔×

## LPG PRICE HIKE

تیل کی مارکٹنگ کمپنیوں نے، میٹروپولٹن شہروں میں، کمرشیل LPG گیس سلنڈرس کی قیمت میں 195 روپے 50 پیسے کا اضافہ کر دیا ہے۔ انڈئن آئل کارپوریشن لمیٹڈ کی ویب سائٹ کے مطابق، دلّی میں کمرشیل LPG گیس سلنڈر کی خوردہ قیمت اب 2 ہزار 78 روپے 50 پیسے ہوگی۔ اسی طرح کولکاتہ میں کمرشیل LPG کی قیمت بڑھا کر 2 ہزار 208 روپے، ممبئ میں 2 ہزار 31 روپے اور چنئی میں 2 ہزار 246 روپے 50 پیسے ہو گئی ہے۔ 19 کلو گرام والے کمرشیل LPG سلنڈر کی یہ نئی قیمت آج سے لاگو ہو گئی ہے۔ البتہ گھریلو LPG سلنڈرس کی قیمت میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے۔×

## UN BALOCH WOMEN FORUM

بلوچ خواتین کے فورم نے بین الاقوامی برادری پر زور دیا ہے کہ وہ بلوچستان میں پاکستانی فورسز کے ہاتھوں لوگوں کی لگاتار جبراً گمشدگی اور ہلاکتوں کیلئے پاکستان کو جوابدہ ٹھہرائے۔ مذکورہ فورم نے مبینہ زیادتیوں کی غیرجانبدارانہ تحقیقات کرائے جانے کا بھی مطالبہ کیا ہے۔ جنیوا میں اقوامِ متحدہ کی انسانی حقوق سے متعلق کونسل کے 61 ویں اجلاس سے ورچوئل وسیلے سے خطاب کرتے ہوئے بلوچ سرگرم کارکن شالی بلوچ نے، جو بلوچ خواتین فورم کی مرکزی منتظم بھی ہیں، بلوچستان میں انسانی حقوق کی پامالیوں کی جانب توجہ مبذول کرائی۔ اُنہوں نے عالمی برادری پر زور دیا کہ اِس طرح کی غیرانسانی سرگرمیوں کی پاداش میں پاکستان کے خلاف مناسب کارروائی کی جائے۔×

## NEW INCOME TAX RULES

آج نئے مالی سال کے آغاز کے ساتھ ہی کچھ اصلاحات پر عمل شروع ہو جائے گا، جن میں کچھ بنیادی نوعیت کے مالی ضابطوں میں تبدیلیاں بھی شامل ہیں۔ پچھلی 6 دہائیوں سے جاری پرانے انکم ٹیکس قانون کو بدل کر 2025 کا نیا انکم ٹیکس قانون لاگو کیا جائے گا۔ اِس قانون کے تحت، فرسودہ شقوں کو ختم کر کے، پیچیدہ ضابطوں کو آسان بنا کر اور ٹیکس دہندگان کیلئے اِس پر عمل درآمد کو سہولت آمیز بنا کر، ٹیکس نظام کو آسان بنایا گیا ہے۔

بھارتیہ ریزرو بینک کی ہدایت کے مطابق، ملک میں ڈیجیٹل وسیلے سے کیے گئے رقم کے لین دین میں تصدیق کے معمولات، آج سے دو بار پورے کرنے ہوں گے۔ مالی سال 2026-27 کیلئے، FASTag کی، تازہ سالانہ پاس فیس پر بھی آج ہی سے عمل شروع ہو جائے گا۔ مستقل اکاؤنٹ نمبر PAN کارڈ میں تازہ جانکاری شامل کرنے کی درخواست سے متعلق تازہ اصول بھی آج سے نافذ ہو جائیں گے۔×

**PUNJAB FIRST GLASS BRIDGE**

پنجاب سرکار نے روپڑ ضلع کے Nangal ٹاؤن میں ستلج جھیل کے اوپر شیشے کا ایک پُل تعمیر کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ Nangal کو جدید بنیادی ڈھانچے، ہنرمندی کے فروغ اور سیاحت کا مرکز بنانے کی کوشش کے تحت یہ قدم اٹھایا جارہا ہے۔ ریاستی سرکار نے مجموعی طور پر 75 کروڑ روپے لاگت کے ترقیاتی پیکیج کا اعلان کیا ہے۔ بتایا گیا ہے کہ یہ شمالی بھارت میں اِس طرح کا پہلا گلاس برج ہوگا۔×

**IPL-CRICKET**

IPL کرکٹ میں آج لکھنؤ میں بھارت رتن شری اٹل بہاری واجپئی اِکانا کرکٹ اسٹیڈیم میں IPL کے پانچویں میچ میں لکھنؤ سپر جائنٹس کا مقابلہ ڈیلی کیپٹلس سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆